**03.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ارجمندعلی خان

**Music**

1- بھارت اور گھانا نے اپنے تعلقات کو جامع ساجھیداری کی سطح پر لے جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج سہ پہر گھانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والے ہیں۔

☆ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دہشت گردی کے معاملے پر بھارت کے موقف کی حمایت نہ کرنے پر مغربی ملکوں پر سوال اٹھایا ہے اور عالمی سطح پر متحدہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ سرکار نے مختصر رسائی کے بعد پاکستان کے کئی اداکاروں اور کرکٹرز کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پھر سے بندشیں عائد کردی ہیں۔

☆ ہماچل پردیش میں بارش سے وابستہ واقعات میں گزشتہ 12 دن کے دوران 63 افراد کی موت ہوئی ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے 24 گھنٹے کے دوران چھ ضلعوں کیلئے سیلاب کی وارننگ جاری کی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، Anderson-Tendulkar ٹرافی میں بھارت آج انگلینڈ کے خلاف دوسرے ٹسٹ کے دوسرے دن پہلی اننگز میں پانچ وکٹ پر 310 رَن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-VISIT GHANA**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج گھانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے والے ہیں۔ وہ Accra میں بھارتی برادری کے لوگوں سے بھی ملاقات کریں گے۔ گھانا کے اپنے دورے کے دوسرے اور آخری دن جناب مودی Accra میں Nkrumah میموریل جائیں گے، جہاں Kwame Nkrumah نے گھانا کی آزادی کا اعلان کیا تھا۔

اِس سے پہلے وزیرِ اعظم نریندر مودی اور گھانا کے صدر John Mahama نے وفود کی سطح کی بات چیت کی اور دونوں ملکوں نے اپنے تعلقات کو جامع ساجھیداری کی سطح پر لے جانے سے اتفاق کیا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس بات کا

اعادہ کیا کہ بھارت صرف ایک ساجھیدار نہیں بلکہ افریقی یونین کی ترقی کے سفر میں ساتھ چلنے والا ایک ملک ہے۔ دونوں لیڈروں نے تجارت، سرمایہ کاری ، زراعت ، ڈیجیٹل تکنیک ، صلاحیت سازی ، بنیادی ڈھانچے اور عوام سے عوام کے رابطوں کے شعبوں میں اشتراک کو وسعت دینے پر تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں ملکوں نے مختلف شعبوں میں چار مفاہمت ناموں پر دستخط کئے، جن میں ثقافت ، معیارات ، آیوروید اور روایتی طریقۂ علاج اور مشترکہ کمیشن کا نظام شامل ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے گھانا میں بڑھتی ہوئی باہمی تجارت اور بھارتی سرمایہ کاری کا خیرمقدم کیا اور دفاع اور سکیورٹی اشتراک پر بھی بات کی۔

**SB - 1205 - PM Terror - West Asia U**

بعد میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کو اُن کے ممتاز تدبر اور بااثر عالمی قیادت کے اعتراف میں گھانا کے قومی اعزاز **Officer of the Order of the Star of Ghana** سے سرفراز کیا گیا۔ **x**

## PM- VISIT TRINIDAD AND TOBAGO

وزیرِ اعظم نریندر مودی پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں آج رات **Trinidad Tobago** پہنچیں گے۔ وہ وہاں کی صدر **Christine Carla Kangaloo** اور وزیرِ اعظم کملا پرساد **Bissessar** کے ساتھ بات چیت کریں گے اور باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ جناب مودی کا یہ دورہ تاریخی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ **Trinidad Tobago** میں بھارتی تارکینِ وطن کی آمد کو اِس برس **180** سال مکمل ہورہے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ... **VC - Sakshi Singh**

*امید ہے کہ دونوں ملکوں کے رہنما ڈیجیٹل کایاپلٹ، خوراک کو ڈبہ بند کرنے، تجارت، صحت، بحری سکیورٹی، ٹرانسپورٹیشن اور مجموعی اقتصادی اور ثقافتی اشتراک کے بارے میں بات چیت کریں گے۔ دونوں ملکوں کے درمیان مضبوط تعلقات کا اندازہ اِس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ مالی سال **2023-24** کے دوران دو طرفہ تجارت **36** کروڑ **89** لاکھ **60** ہزار ڈالر مالیت کی ہوئی۔ بھارت **UPI** کی طرز پر ایک موثر ڈیجیٹل ادائیگی پلیٹ فارم تیار کرنے میں **Trinidad Tobago** کی مدد کررہا ہے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ کیریبین خطے میں **Trinidad Tobago** یو پی آئی پلیٹ فارم کو اپنانے والا پہلا ملک ہے۔ ثقافتی محاذ پر دونوں ملکوں نے کئی پروگرام شروع کررکھے ہیں۔ اِن میں نوجوانوں میں ہندی اور سنسکرت کو بڑھاوا دینا بھی شامل ہے۔ امید ہے کہ وزیرِاعظم نریندر مودی اپنے دورے میں **Trinidad Tobago** کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گے اور پورٹ آف اسپین میں بھارتی برادری کے لوگوں سے بھی خطاب کریں گے۔ کسی بھارتی وزیرِ اعظم کا **Trinidad***

Tobago کا دورہ طویل انتظار کے بعد ہورہا ہے اور یہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اِسے دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی ، معاشی اور ثقافتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے ایک دورے کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔

پورٹ آف اسپین سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک۔x

## TRINIDAD AND TOBAGO HCI INTERVIEW

Trinidad And Tobago میں بھارت کے ہائی کمشنر ڈاکٹر پردیپ راج پروہت نے آکاشوانی کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے وزیر اعظم مودی کے دورے کے مختلف پہلوؤں پر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک اپنے تعلقات کے 180 سال منا رہے ہیں اور وزیر اعظم کا یہ دورہ بھارتی برادری کیلئے یادگار موقع ہے۔ بھارتی برادری نے اپنے ملک سے ہزاروں میل دور رہ کر بھی اپنی ثقافت اور روایات کو برقرار رکھا ہے، جس کا وہ جشن مناتے ہیں۔ x

## JAISHANKAR WEST

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دہشت گردی کے معاملے پر بھارت کے موقف کی حمایت نہ کرنے پر مغربی ملکوں پر سوال اٹھایا ہے اور زیادہ متحدہ عالمی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ واشنگٹن میں ایک میڈیا بریفنگ کے دوران میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ کچھ ممالک، اُس وقت کوئی پوزیشن اختیار نہیں کرتے، جب دوسرے ملک دہشت گردی کا شکار ہوتے ہیں لیکن جب وہ خود اِس کا سامنا کرتے ہیں تو اُن کا موقف الگ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس تعلق سے بھارت کا موقف یکساں اور اصولی رہا ہے۔

وزیرِ خارجہ نے کہا کہ جب بھی بھارت سے باہر کسی مقام پر دہشت گردانہ حملے ہوئے ہیں، بھارت نے بڑی حد تک وہی موقف اختیار کیا ہے، جو اُس نے ملک میں اِس طرح کے حملے ہونے پر اپنایا تھا۔

**SB - Jaishankar**

بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کے بارے میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی رائے زنی کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُس وقت جو کچھ ہوا ، اُس کا ریکارڈ بالکل واضح ہے اور جہاں تک جنگ بندی کا معاملہ ہے تو اِس بارے میں دونوں ملکوں کے فوجی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرل نے بات کی تھی۔ x

## RIJIJU-PARLIAMENT SESSION

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے 21 جولائی سے 21 اگست تک

پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس طلب کرنے کی سرکار کی تجویز کو منظوری دے دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب رتیجو نے بتایا کہ یومِ آزادی کی تقریبات کے مدّنظر 13 اور 14 اگست کو بھی پارلیمنٹ کی کارروائی نہیں ہوگی۔ x

## PAK-SOCIAL MEDIA BAN

حکومت نے پاکستان کے مختلف اداکاروں اور کرکٹ کھلاڑیوں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر ایک مرتبہ پھر پابندی عائد کردی ہے۔ ذرائع نے کہا ہے کہ تکنیکی وجوہات کے سبب کچھ گھنٹوں کیلئے ان اکاؤنٹس تک مختصر رسائی ممکن تھی۔ اس سال مئی میں حکومت نے بھارت مخالف پروپیگنڈہ پھیلانے اور اشتعال انگیز مواد کے سبب مختلف پاکستانی یوٹیوب چینلوں اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو بلاک کردیا تھا۔ ان میں اداکار صباقمر، احدرضا میر، یُمنا زیدی اور دانش تیمور کے انسٹاگرام اکاؤنٹس اور شاہد آفریدی اور شعیب اختر کے یوٹیوب چینل شامل ہیں۔ اُس نے سبھی او ٹی ٹی پلیٹ فارم، میڈیا خدمات فراہم کرنے والے اداروں اور ڈیجیٹل کمپنیوں کو پاکستان سے دکھائی جانے والی ویب سیریز، فلموں، گانوں، پوڈ کاسٹ اور دیگر میڈیا مواد پر روک لگانے کی بھی ہدایات دی تھیں۔x

## ULBs-CONFERENCE

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے آج ہریانہ کے مانیسر میں آٹو موٹیو ٹیکنالوجی کے بین الاقوامی مرکز میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے شہری بلدیاتی اداروں کے صدرنشینوں کی پہلی قومی سطح کی کانفرنس کا آغاز کیا۔ اس دو روزہ کانفرنس کا موضوع ہے : 'آئینی جمہوریت اور ملک کی تعمیر کو مستحکم کرنے میں شہری بلدیاتی اداروں کا رول'۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ شہری بلدیاتی ادارے جمہوریت کے مضبوط ستونوں میں ایک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان اداروں کو مستحکم کرنے سے لوگوں کی اُمنگوں اور ضرورتوں کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے ملک کی جمہوریت کو مزید مستحکم کرنے کی خاطر پارلیمنٹ سے لے کر شہری بلدیاتی اداروں تک ایوانوں کی کارروائی کو بلارکاوٹ چلنے دینے پر بھی زور دیا۔ جناب برلا مزید کہا کہ ایوان میں رخنہ اندازی اور اس کی کارروائی ملتوی ہونے سے لوگوں کی اُمنگوں کو زَک پہنچتی ہے۔

**Byte: Om Bila In GNR Mail**

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ نے کہا کہ اس کانفرنس میں بات چیت کیلئے جو موضوع چنا گیا ہے، اس سے جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاستوں میں شہری بلدیاتی اداروں کو مضبوط کرنے سے ملک کی جمہوریت اور مضبوط ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ نریندر مودی حکومت نے 100 شہروں کی اسمارٹ سٹی کے طور پر تعمیر کرنے کی نشاندہی کی ہے اور ہریانہ حکومت فریدآباد اور کرنال کو اسمارٹ شہر بنانے کیلئے کام کررہی ہے۔x

**J&K-KISHTWAR ENCOUNTER**

جموں و کشمیر کے کشتواڑ ضلع میں گھنے جنگلاتی علاقے میں دہشت گردوں کے خلاف تلاش کی کارروائی آج صبح پھر شروع کردی گئی۔ علاقے میں کل شام دہشت گردوں اور سکیورٹی فورسز کے درمیان اُس وقت تصادم شروع ہوگیا تھا، جب فوج اور CRPF نے وہاں دہشت گردوں کے موجود ہونے کے بارے میں مخصوص اطلاع ملنے پر تلاش کی کارروائی شروع کی تھی۔ حکام نے بتایا ہے کہ دہشت گردوں نے سکیورٹی دستوں پر گولیاں چلانا شروع کردیں اور اِس کے بعد رات دیر گئے تک دونوں طرف سے گولی باری ہوتی رہی۔ x

**HP-LANDSLIDES**

ہماچل پردیش میں تیز بارش ہونے، بادل پھٹنے ، اچانک سیلاب آنے اور چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے روز مرہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔ ریاست میں پچھلے مہینے کی 20 تاریخ سے اب تک بارش سے وابستہ واقعات میں 63 افراد کی موت ہوچکی ہے ، جبکہ 109 زخمی ہوئے ہیں۔ 40 لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔ موسمیات محکمے نے ریاست میں آج اور کل کچھ مقامات پر موسلادھار بارش کے امکان کے مدنظر Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ اِس کے علاوہ، کانگڑہ ، منڈی ، حمیر پور ، شملہ ، Sirmaur اور سولن ضلعوں میں اگلے 24 گھنٹے کیلئے سیلاب کی وارننگ بھی جاری کی گئی ہے۔ x

**US-STUDENT VISA**

امریکی محکمۂ خارجہ کی نائب ترجمان Mignon Houston نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کیلئے طلباء کے ویزا کی درخواستیں قبول کرنے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ انہوں نے درخواست دینے کیلئے طلباء کی حوصلہ افزائی بھی کی ہے۔ ایک میڈیا ایجنسی کے ساتھ گفتگو میں محترمہ Houston نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ طلباء خلل ڈالنے یا کیمپس کی املاک کو نقصان پہنچانے کیلئے نہیں بلکہ پڑھائی کرنے کیلئے امریکہ آئیں۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ امیگریشن پالیسیاں امریکی شہریوں اور بین الاقوامی طلباء دونوں کا تحفظ کرنے کیلئے بنائی گئی ہیں۔ x

**MAHA-HIGH TECH INDUSTRIES**

مہاراشٹر میں صنعتی ترقی اور روزگار کو فروغ دینے کی خاطر ایک اہم اقدام کے تحت وزیراعلیٰ دویندر فڑنویس کی زیر صدارت صنعتوں سے متعلق کابینہ کی ذیلی کمیٹی نے اعلیٰ ٹیکنالوجی پر مبنی صنعتوں اور سرگرم شعبوں میں ایک لاکھ 35 ہزار 371 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی تجاویز کو منظوری دے دی ہے۔ اِمکان ہے کہ اِن پروجیکٹوں کے ذریعہ ریاست بھر میں تقریباً ایک لاکھ براہ راست اور بلواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔x

**CRICKET-IND ENG TEST**

برمنگھم کے Edgbaston میں آج سہ پہر بھارت ، انگلینڈ کے خلاف Anderson-Tendulkar ٹرافی سیریز کے دوسرے ٹسٹ میچ کے دوسرے دن پہلی اننگز میں پانچ وکٹ پر 310 رَن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

کل جب کھیل ختم ہوا تو شُبھ مَن گِل 114 پر اور رویندر جڈیجہ 41 رَن پر کھیل رہے تھے۔ اِس سے قبل یَشسوی جیسوال نے 87 رَن بنائے۔ انگلینڈ نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ پانچ ٹسٹ میچوں کی سیریز میں انگلینڈ کو ایک - صفر کی سبقت حاصل ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆